اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَا تَمِ النَّبِیِّن اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمط

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ لکھنے کی فضیلت

پیاری اسلامی بہنو!

1: فیضانِ سنت (جلداوّل) کے پہلے باب فیضانِ "بِسْمِ اللّٰہِ"میں یہ مدنی پھول موجود ہےکہ

⋆ پہلی محرم الحرام کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم 130بار لکھ کر(یالکھواکر)جوکوئی اپنے پاس رکھے(یاپلاسٹک کوٹنگ کرواکرکپڑے ،ریگزین یاچمڑے میں سلواکرپہن لے)اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم عمربھر اس کویااس کے گھر میں کسی کو کوئی بُرائی نہ پہنچے‘‘۔(ملخصاًفیضانِ سنت جلد اوّل , صفحہ نمبر136)

⋆سونے یا چاندی یا کسی بھی دھات کی ڈِبیہ میں تعویذ پہننا مرد کو جائز نہیں۔ اِسی طرح کسی بھی دھات کی زَنجیر خواہ اُس میں تعویذ ہو یا نہ ہو مرد کو پہننا ، ناجائز و گناہ ہے۔اِسی طرح سونے ، چاندی اور اسٹیل وغیرہ کسی بھی دھات کی تختی یا کڑا جس پر کچھ لکھا ہوا ہو یا نہ لکھا ہوا ہو اگرچہ اللہ کا مبارک نام یا کلِمۂ طیِّبہ وغیرہ کُھدائی کیا ہوا ہو اُس کاپہننا مرد کےلئے ناجائز ہے۔ عورت سونے چاندی کی ڈِبیہ میں تعویذ پہن سکتی ہے۔(فیضانِ سنت جلد اوّل , صفحہ نمبر69)

⋆لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اَنْمِٹ سیاہی مَثَلاً بال پوائنٹ سے لکھئے اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کے" ہ "اور تینوں ''م'' کے دائرے کُھلے رکھئے، تعویذ لکھنے کا اُصول یہ ہے کہ آیت یا عبارت لکھنے میں ہر دائرے والے حَرْف کا دائرہ کُھلا ہو یعنی اِس طرح مَثَلاً ط،ظ ، ہ، ھ،ص، ض، و،م،ف،ق وغیرہ۔ اِعراب لگانا ضَروری نہیں۔(فیضانِ سنت جلد اوّل , صفحہ نمبر69)

ہ. 130بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھ کر(یالکھواکر)جوکوئی اپنے پاس رکھے سے مراد جیب میں ،گھر یا دکان میں رکھنا یا لٹکانا سب درست ہے۔(دارالافتا اہلسنت)

b. کسی سے 130بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھا ہوا پیپر لے کراس کی فوٹو کاپی نہیں کروا سکتے اور نہ ہی فوٹو کاپی پرقلم پھیر سکتے ہیں قلم سے ہی لکھنا ہوگا۔

c. مخصوص ایاّم میں اسلامی بہنیں ہاتھ لگائے بغیر قلم سے لکھ سکتی ہیں۔(دارالافتا ءاہلسنت)

d. محرم الحرام کی چاند رات سے اگلے دن غروبِ آفتاب تک لکھ سکتے ہیں۔(دارالافتا ءاہلسنت)

e. یاد رہے پہلی محرم الحرام کو 130بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ایک بار لکھا ہوا عمر بھر کےلئے کافی ہے ہر سال نیا لکھنا ضروری نہیں۔

تما م اسلامی بہنوں کو چاہیئے کہ حتی الامکان اس مدنی پھول پر وہ خود بھی عمل کریں اورانفرادی کوشش کے ذریعے دوسری اسلامی بہنوں کو بھی اس پر عمل کرنے کی ترغیب دلائیں اللہ پاک ہمیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کی برکتوں سے مالا مال فرمائے۔(اٰمین بجاہِ خَا تَمِ النَّبِیّن صلی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہ وسلم)